© rasailojaraid.com

شہدائے اُحد مؤلفہ مولوی عبدالجلیل صاحب رحمانی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت درج نہیں پتہ:۔ مولوی ظفر عالم صاحب ایڈیٹر اخبار ندائے مدینہ دیوان بھون کا لسیتھانہ روڈ کانپور۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب کا اصل موضوع غزوۂ احد کے شہدائے کرام کے فضائل ومناقب ہیں لیکن اس ضمن میں بدر اور بعض اور غزوات وسریات اوران میں شریک ہونے والے صحابۂ کرام کا تذکرہ بھی آگیا ہے اس موضوع پر اگرچہ دار المصنفین اعظم گڈھ کا سلسلہ سیر الصحابہ اُردو میں اب تک سب سے زیادہ جامع اور مستند تصنیف ہے تاہم یہ تذکرے جس زبان سے بھی ہوں موجب برکت وسعادت ہیں امید ہے کہ اس مجموعہ کو بھی اسی طرح شوق سے پڑھا جائیگا۔

فہم قرآن

قرآن مجید کے آسان ہونے کے کیا معنے ہیں؟ اور قرآن پاک کا صحیح منشاء معلوم کرنے کے لئے شارع علیہ السلام کے اقوال وافعال کا معلوم کرنا کیوں ضروری ہے؟ احادیث کی تدوین کس طرح اور کب ہوئی؟ یہ کتاب خاص اسی موضوع پر لکھی گئی ہے صفحات ۴۰۰ بڑی تقطیع طبع جدید جس میں مؤلف نے تقریباً تمام مباحث کو نئے سرے سے مرتب کیا ہے۔ اور جابجا نہایت اہم اور مفید اضافے کئے ہیں۔ فہم قرآن ایک خاص رنگ کی علمی، تبلیغی اور اصلاحی کتاب ہے جو جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے رجحانات کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے۔ بڑی تقطیع عہ، مجلد سے

© rasailojaraid.com